بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ

نمبر = ص ا ب /س/۲/۲/۲۰۱۸ مورخہ۶/نومبر ۲۰۱۸

بخدمت = چیف سیکرٹری،

حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔

موضوع = **قرارداد نمبر ۵ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ۔**

بلوچستان صوبائی اسمبلی کے منعقدہ اجلاس یکم/نومبر ۲۰۱۸ میں ذیل منظور شدہ قرارداد نمبر۵ منجانب ملک سکندر خان ایڈووکیٹ ،رکن اسمبلی بمراد اطلاع وکارروائی لازمہ ارسال خدمت ہے نیز قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی ۱۹۷۴ء کے قاعدہ نمبر (۲)۱۱۴ کے تحت قرارداد پر عمل درآمد کی بابت اسمبلی کو دو ماہ کے اندر مطلع فرمائیں۔

قـــــــــــــــرارداد۔

ہرگاہ کہ کوئٹہ شہر وگردنواح کو پینے کا صاف پانی فراہم کرنے کی غرض سے ۷ ارب سے زائد لاگت کا ایک بڑا منصوبہ کوئٹہ واٹر سپلائی پراجیکٹ کے نام سے شروع کیا گیا جس میں شہر کے دیگر علاقوں کے علاوہ حلقہ نمبر۲۵ کی یونین کونسلز جن میں نواں کلی، کوتوال، کلی عمر، شیخ ماندہ، خیزی، سمنگلی اوران سے ملحق علاقے شامل ہیں میں پانی کے پائپ بھی بچھا دئے گئے لیکن تا حال ان یونین کونسلز اوران سے ملحقہ علاقوں کو پینے کا پانی فراہم نہیں کیا جارہا علاوہ ازیں یہ بھی طے پایا تھا کہ تکتو کے دامن میں بھی مذید بورز لگائے جائیں گے لیکن اب تک مذکورہ علاقے میں حسب ضرورت بورز نہیں لگائے گئے ہیں جس کی وجہ سے لاکھوں افراد پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں نیز عوام کی بنیادی ضروریات/حقوق کا پورا کرنا حکومت کی زمہ داری بنتی ہے اسطرح اربوں لاگت رقم کے ضیاع کا اندشہ بھی ہے۔

لہذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے۔ کہ وہ کوئٹہ شہر وگردنواح اور حلقہ نمبر۲۵ کی یونین کونسلز جن میں نواں کلی، کوتوال، کلی عمر، شیخ ماندہ، خیزی، سمنگلی اوران سے ملحق علاقے شامل ہیں جہاں پانی کے پائپ بھی بچھائے گئے ہیں کو پانی کی فراہمی کو جلد از جلد یقینی بنائے نیز تکتو کے دامن میں حسب ضرورت مذید بورز لگانے کو بھی یقینی بنائے تا کہ کوئٹہ شہر کے عوام میں پائی جانیوالی بے چینی اور احساس محرومی کے خاتمہ کا ازالہ ممکن ہوسکے۔

(شمس الدین)

معتمد،

نقل برائے اطلاع بخدمت:۔

۱) بخدمت ملک سکندر خان ایڈووکیٹ رکن اسمبلی/محرک **قرارداد۔**
۲) سیکرٹری قومی اسمبلی، پاکستان، اسلام آباد۔
۳) سیکرٹری سینٹ، سینٹ سیکرٹریٹ پاکستان، اسلام آباد۔
۴) پرنسپل سیکرٹری پریزیڈنٹ سیکرٹریٹ، (پبلک) ایوان صدر، اسلام آباد۔
۵) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعظم پاکستان، وزیراعظم سیکرٹریٹ، اسلام آباد۔
۶) پرنسپل سیکرٹری برائے وزیراعلیٰ، بلوچستان، کوئٹہ۔
۷) سیکرٹری محکمہ قانون وپارلیمانی امور، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۸) سیکرٹری محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۹) مینجنگ ڈائریکٹر بی واسا، حکومت بلوچستان، کوئٹہ۔
۱۰) سیکرٹری، صوبائی اسمبلی، پنجاب، لاہور۔ سندھ، کراچی۔ خیبر پختونخوا، پشاور۔ قانون ساز اسمبلی آزاد جموں کشمیر، مظفر آباد۔ قانون ساز اسمبلی گلگت اسمبلی، گلگت بلتستان

〈قادر بخش شاھوانی〉

نائب معتمد، (سوالات)